سوال

(281) بیوی کی وفات کے بعد زر مہر کس کو دیا جائے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کسی شخص کی بی بی مرگئی اور اس بی بی کا مہر شوہر کے ذمہ باقی رہ گیا ہے ۔ اب شوہر اس وین مہر کو بی بی کے ماں باپ کو دے یا بی بی کی طرف سے راہ خدا میں دے دے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اگر بی بی کی کوئی اولاد نہیں ہے ۔ تو اس صورت میں بی بی کے مہر میں سے آدھا خود شوہر کا ہوا اور باقی آدھا بی بی کے ماں باپ کا ہوا اور اگر بی بی کی کوئی اولاد بھی ہے تو اس صورت میں بی بی کے مہر میں سے ایک چوتھائی شوہر کا ہوا اور باقی تین چوتھائی بی بی کی اولاد اور بی بی کے ماں باپ کا ہوا ۔ واللہ اعلم بالصواب ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب النکاح، صفحہ: 486

محدث فتویٰ